سندھ آرڈیننس نمبر L مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.L OF 1984

زرعی پیداوار مارکیٹیں (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE AGRICULTURAL PRODUCE MARKETS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Act V of 1939

۳۔ ۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم

Amendment of Section 11 of Act V of 1939

۴۔ ۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ۲۳ کی ترمیم

Amendment of Section 23 of Act V of 1939

۵۔ ۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ 24-A کی ترمیم

Amendment of Section 24-A of Act V of 1939

سندھ آرڈیننس نمبر L مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.L OF

1984

زرعی پیداوار مارکیٹیں (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE AGRICULTURAL PRODUCE MARKETS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۰ دسمبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے توسط سے زرعی پیداوار مارکیٹس ایکٹ، ۱۹۳۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت نے زرعی پیداوار مارکیٹس ایکٹ، ۱۹۳۹ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ زرعی پیداوار مارکیٹس ایکٹ، ۱۹۳۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پروویزنل کانسٹیٹوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو زرعی پیداوار مارکیٹس (سندھ ترمیم) آرڈینس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ ۲ کی ترمیم

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

Amendment of Section 2 of Act

۲۔ زرعی پیداوار مارکیٹیں ایکٹ، ۱۹۳۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس

کی دفعہ ۲ میں، شق (c) میں شرطیہ بیان کے نیچے پیراگراف میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

V of 1939

"بشرطیکہ کہ ڈپٹی کمشنر کوئی بھی حکم نہیں دے سکتا جب تک متاثر شخص کو سننے کا موقعہ نہیں دیا جاتا۔"۔

۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم

Amendment of Section 11 of Act V of 1939

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۱ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان کو شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ کوئی بھی میمبر سننے کا موقعہ دیئے بغیر نہیں ہٹایا جائے گا۔"۔

۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ۲۳ کی ترمیم

Amendment of Section 23 of Act V of 1939

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۳ میں، ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(1-A) جہاں ایسا کوئی کیس درج کیا جاتا ہے جو نوٹس جاری ہونے یا چھوڑنے کے بغیر ہو یا دو ماہ کا عرصہ گذر چکا ہو یا جہاں درخواست گذار کا یہ بیان شامل ہو کہ نوٹس نہیں ملا ہے، تو درخواست گذار کو معاملہ طے کرنے کا خرچہ نہیں دیا جاسکتا۔ یہاں تک کہ کیس مکمل ہو جائے یا کمیٹی کے میمبر یا ملازم درخواست گذار کے دعویٰ کو کیس داخل کرنے کے 2 ماہ کے اندر اندر تسلیم نہیں کرتے۔

۱۹۳۹ کے ایکٹ V کی دفعہ 24-A کی ترمیم

Amendment of Section 24-A of Act V of 1939

بشرطیکہ یہ کیس نوٹس کے بغیر داخل کیا گیا ہو تو کورٹ کمیٹی کو تحریری بیان پیش کرنے کے لئے وقت دے گی جو تین ماہ سے کم نہ ہوگا۔"

۵۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 24-A کی ذیلی دفعہ (۱) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:

"بشرطیکہ کوئی بھی ایسا قدم نہیں اٹھایا جائے گا جب تک مارکیٹ کمیٹی یا ذیلی کمیٹی، جیسے معاملہ ہو، ان کو اٹھائے گئے قدم کے خلاف سبب بتانے کا مناسب موقعہ نہیں دیا جاتا۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔